PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# پی سی بی کرکٹرز، میچ آفیشلز ،اسکوررزاورگراؤنڈاسٹاف کی امداد کرےگا

- قوائد وضوابط پر پورا اترنے والےافرادکو یک وقتی ادائیگی عیدالفطر سے پہلے کردی جائے گی
- کوویڈ19 کے سبب کرکٹ کی سرگرمیاں معطل ہونے کے پیش نظراپنے اسٹیک ہولڈرز کا خیال رکھنا پی سی بی کی ذمہ داری ہے، چیئرمین پی سی بی
- اس سے قبل پی سی بی ایک کروڑ روپے سے زائد رقم وزیراعظم ریلیف فنڈ میں عطیہ کرنے کے علاوہ کراچی ہائی پرفارمنس سنٹر کو بھی پیرامیڈیکل اسٹاف کے لیے عارضی قیام گاہ میں تبدیل کرچکا ہے

**لاہور، 3 مئی2020ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نےکوویڈ 19 لاک ڈاؤن کےپیش نظر مقامی کرکٹ کی سرگرمیاں معطل ہونے کے سبب مشکلات کا شکار فرسٹ کلاس کرکٹرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرزکی امداد کا اعلان کیا ہے۔

ان غیرمعمولی اور مشکل حالات میں معاشی سرگرمیوں کو دھچکہ لگا ہے لہٰذا پی سی بی اپنے موجودہ مالی سال کے لیے مختص کردہ رقم کے کچھ حصے سےفرسٹ کلاس کرکٹرز کےساتھ ساتھ میچ آفیشلز، اسکوررز اور گراؤنڈ اسٹاف کی امداد کرے گا۔

محدود فنڈز کی دستیابی اور صرف مستحق امیدواروں کی امداد کو یقینی بنانے کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ نے درخواست گزاروں کے لیے قوائد وضوابط تیار کیے ہیں، جومندرجہ ذیل ہے:

- ایسےفرسٹ کلاس کرکٹرز جنہوں نے سیزن 19-2018 میں شرکت کی ہواور 15-2014 تا 19-2018 پر مشتمل گذشتہ پانچ سیزنز میں کم از کم 15فرسٹ کلاس میچز کھیلے ہوں
- ایسے میچ آفیشلز اور اسکوررز جنہوں نےگذشتہ دوسیزنز میں پی سی بی کے زیراہتمام منعقدہ ایونٹس میں فرائض انجام دئیے ہوں

- ایسے گراؤنڈ اسٹاف جویکم جنوری 2013 کے پہلےسے ریجنل/ضلعی کرکٹ ایسوسی ایشنز (فی الوقت غیر فعال) کے ملازم رہ چکے ہوں(مدت ملازمت تقریباَ8 سال درکار)

**درج بالا قوائدوضوابط پر پورا اترنے والے افراد کے پاس فی الحال کوئی روزگار نہ ہو**

قوائد و ضوابط پر پورا اترنے والے فرسٹ کلاس کرکٹرز 25ہزار، میچ آفیشلز 15 ہزار جبکہ اسکوررز اور گراؤنڈ اسٹاف 10،10 ہزار روپے وصول کریں گے۔

اس یک مدتی اسکیم سے فائدہ اٹھانے کے خواہشمند افراد 4 مئی بروز پیر تا 14 مئی بروزجمعرات تک پی سی بی سے welfare@pcb.com.pk پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ علاوہ ازیں پی سی بی اپنے کرکٹرز اور کوچز کے ذریعے بھی اہلیت کےمعیار پر پورا اترنے والے افرادسے رابطےکی کوشش کرے گا۔اس تناظر میں پی سی بی کو عیدالفطر سے قبل مستحق افراد کو فنڈز جاری کرنے کے لیے مناسب وقت بھی مل جائے گا۔

پی سی بی یقین دلانا چاہتا ہے کہ درخواست دہندگان کی رازداری کا احترام اور تمام افراد کی شناخت کو صیغہ راز میں رکھتے ہوئے اس یک وقتی اسکیم سے مستفید افراد کے نام اور تعدادکو ظاہر نہیں کیا جائے گا۔

**احسان مانی، چیئرمین پی سی بی:**

چیئرمین پی سی بی احسان مانی نے کہاکہ پی سی بی کو احساس ہے کہ اپنے اسٹیک ہولڈرز کا خیال رکھنا اس کی ذمہ داری ہے، لہٰذایہ ضروری ہے کہ لاک ڈاؤن کے دنوں میں ہم اپنے لوگوں کے ساتھ کھڑے رہیں اورعیدالفطر کی آمد کے موقع پر ان کی امداد کریں۔

چیئرمین پی سی بی احسان مانی نے کہاکہ کھلاڑیوں، میچ آفیشلز،اسکوررز اور گراؤنڈ اسٹاف کی امداد کے لیے یہی صحیح وقت ہے۔

احسان مانی نے کہا کہ ان حالات میں اپنے کرکٹرز کا آگے آنا اور اپنے قیمتی سامان کو خیراتی اداروں کے ذریعے نیلام کرتا دیکھ کر بہت اچھا لگا۔انہوں نے کہا کہ یقین ہےکئی کھلاڑی انفرادی حیثیت میں بھی عطیات دے رہے ہیں، میں شاہد آفریدی، اظہر علی اور رومان رئیس کی تعریف کرنا چاہتا ہوں جو اس مقصد میں سب سے نمایاں رہے۔

اس سے قبل پی سی بی وزیراعظم کوویڈ19ریلیف فنڈ میں ایک کروڑروپے سے زائد رقم عطیہ کرچکا ہے، جس میں سے آدھی رقم سنٹرل کنٹریکٹ یافتہ مینز اور ویمنز کرکٹرز کے علاوہ بورڈ ملازمین نے دی تھی۔

مارچ میں پی سی بی، کراچی میں موجود حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر کوایکسپوسنٹر میں قائم کردہ ہسپتال میں کام کرنے والے پیرامیڈیکل اسٹاف کے لیے عارضی قیام گاہ میں تبدیل کرچکا ہے۔

## ڈومیسٹک پلیئرزویلفیئر فنڈ کے ذریعے مالی امداد کے حصول کے لیے درخواست دینے کاطریقہ کار:

- درخواست گزار *welfare@pcb.com.pk* پر ای میل کر کے درخواست فارم حاصل کرسکتا ہے
- تمام ضروری معلومات کی فراہمی کے ساتھ مکمل فارم 14 مئی 2020 سے پہلے جمع کرانا ہوگا
- جن کے پاس ای میل کی سہولت نہیں وہ03034445879 پر واٹس ایپ کے ذریعے فارم حاصل کرسکتے ہیں

- پی سی بی کی وزیراعظم ریلیف فنڈ میں ایک کروڑ روپے سے زائد رقم عطیہ کرنے سے متعلق پریس ریلیز یہاں موجودہے۔
- حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر کوپیرامیڈیکل اسٹاف کے لیے عارضی قیام گاہ میں بدلنے سے متعلق پریس ریلیز یہاں موجود ہے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4